**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36۔کے‘ ماڈل ٹائون لاہور‘ فون: 042-35869501‘ ای میل: media@tanzeem.org**

**19دسمبر2025ء**

# پریس ریلیز

## غزہ میں طوفانی بارشوں اور شدید سردی کے باوجود اسرائیل کا امداد، کھانا اور ٹینٹ بارڈر پر روک دینا درندگی کی انتہا ہے۔ بہار کے وزیر اعلیٰ کا مسلم خاتون کا نقاب نوچ لینا در حقیقت بھارت میں ہندو انتہا پسندی و مسلم دشمنی کی واضح مثال ہے۔

**(شجاع الدین شیخ)**

**لاہور(پ ر):** غزہ میں طوفانی بارشوں اور شدید سردی کے باوجود اسرائیل کا امداد، کھانا اور ٹینٹ بارڈر پر روک دینا درندگی کی انتہا ہے۔ بہار کے وزیر اعلیٰ کا مسلم خاتون کا نقاب نوچ لینا در حقیقت بھارت میں ہندو انتہا پسندی و مسلم دشمنی کی واضح مثال ہے۔اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنھوں نے کہا کہ ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل نے اڑھائی برس تک غزہ پر شدید ترین مسلسل بمباری کر کے 70,000 سے زائد معصوم شہریوں کو شہید اور 150,000 سے زائد کو زخمی کر دیا۔ غزہ کے 90 فیصد علاقے کو ملبہ کا ڈھیر بنا دیا۔ پھر یہ کہ گزشتہ 8 ماہ سے بھوک کو غزہ کے مسلمانوں کی نسل کُشی کے لیے بطور ہتھیار استعمال کر رہا ہے۔ لیکن کسی مسلم ملک کو توفیق نہیں ہوئی کہ اپنے مظلوم فلسطینی بھائیوں اور بہنوں کی عملی مدد کرے۔ جنگ بندی اور غزہ میں امداد کی اجازت دینے کا معاہدہ کرنے کے باوجود اسرائیل خوراک اور ٹینٹ غزہ میں داخل ہونے نہیں دے رہا۔ غزہ کے شہریوں کو شدید سردی اور طوفانی بارشوں سے محفوظ رکھنے کے لیے دنیا بھر سے بھیجے گئے ایک لاکھ ٹینٹ مصر کی سرحد پر پڑے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ سڈنی میں چند یہودیوں کے قتل پر دنیا بھر میں واویلا مچانے والے مغربی ممالک اسرائیل کی اِس بدترین وعدہ خلافی اور غزہ کے مسلمانوں کی نسل کُشی کے خلاف مذمت کا ایک لفظ بولنے کو تیار نہیں۔ شرمناک دوہرے معیار کی انتہا یہ ہے کہ دہشت گردی کے اِس واقعہ، جس کے مشکوک ہونے کے کئی ناقابل تردید شواہد سامنے آچکے ہیں، کی مسلم ممالک نے ایک دوسرے سے بڑھ کر مذمت کی، لیکن اسرائیل کی مسلسل دہشت گردی کے خلاف عملی قدم اُٹھانے کے لیے تیار نہیں۔ دوسری طرف اسرائیل کے فطری اتحادی بھارت میں سرکاری سطح پر انتہا پسند ہندو مسلمانوں کے مذہبی شعائر اور اُن کے جان و مال اور عزت و آبرو کے درپے ہیں۔ جس کی تازہ مثال بھارتی ریاست بہار میں پیش آنے والا شرمناک واقعہ ہے جس میں وزیر اعلیٰ نے ایک مسلم خاتون کا نقاب نوچ لیا۔ اُنہوں نے کہا کہ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف یہود و ہنود کے اِس گٹھ جوڑ کے حوالے سے قرآن پاک نے تقریباً ساڑھے چودہ سو برس قبل ہی خبردار کر دیا تھا۔ اُنہوں نے کہا کہ جب تک مسلم ممالک آپس میں اتفاق و اتحاد قائم نہیں کرتے وہ اپنے دشمنوں کے مذموم مقاصد کو ناکام بنانے کے قابل نہیں ہوں گے۔ لٰہذا مسلم ممالک کے حکمران اور مقتدر حلقے امریکہ اور دیگر اسلام دشمن ممالک سے ڈرنے کی بجائے صرف اللہ سے ڈریں۔ مل کر دنیا بھر میں مظلوم مسلمانوں کی مدد کے لیے عملی اقدامات کریں تاکہ دنیا میں بھی اپنا وقار بحال کر سکیں اور آخرت کی کامیابی بھی حاصل ہو جائے۔

جاری کردہ
رضاء الحق
مرکزی ناظم نشرواشاعت

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: December 19th, 2025**

## Israel's decision to block aid, food, and tents at the border despite torrential rains and severe cold in Gaza is the height of brutality. The Chief Minister of Bihar tearing off the veil of a Muslim woman is a clear manifestation of Hindu extremism and anti-Muslim hatred in India. (Shujauddin Shaikh)

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that the illegal Zionist state of Israel, after carrying out relentless and intense bombardment of Gaza for nearly two and a half years, has led more than 70,000 innocent civilians to the shahadah and left over 150,000 wounded, reducing nearly 90 percent of Gaza to rubble, and for the past eight months has been using hunger as a weapon to carry out the genocide of Muslims in Gaza; yet not a single Muslim country has found the resolve to provide practical assistance to their oppressed Palestinian brothers and sisters. Despite signing agreements for a ceasefire and for allowing humanitarian aid into Gaza, Israel continues to block food supplies and tents from entering, leaving over one hundred thousand tents sent from across the world lying stranded at the Egyptian border while Gaza's civilians remain exposed to freezing cold and torrential rains. He said that Western countries that raised a global outcry over the killing of a few Jews in Sydney are unwilling to utter even a single word of condemnation against Israel's blatant violation of agreements and the ongoing genocide of Muslims in Gaza, and the height of this shameful double standard is that Muslim countries competed with one another in condemning that incident – despite clear evidence casting doubt upon it – yet are not prepared to take any practical step against Israel's continuous terrorism. He added that, on the other hand, in India – Israel's natural ally – state-backed Hindu extremists are openly targeting Muslims' religious symbols as well as their lives, property, honor, and dignity, the latest example being the disgraceful incident in the Indian state of Bihar where the Chief Minister forcibly tore off the veil of a Muslim woman. He said that the Qur'an had warned nearly fourteen and a half centuries ago about this collusion of Jews and Hindus against Islam and Muslims. He stressed that until Muslim countries establish unity and solidarity among themselves, they will be incapable of defeating the enemy's sinister objectives; therefore, the rulers and power centers of Muslim countries must fear Allah (*SWT*) alone rather than America and other Islam-hostile states, and must take collective, practical steps to assist oppressed Muslims worldwide so that they may restore their honor in this world and attain success in the Hereafter as well.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**